سوال

(01) محمد حم نام رکھنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سوال : میں نے اپنے بیٹے کا نام محمد حم رکھا ہے، حم ۔ تَنزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ جو کہ پیارے نبی کے ناموں میں سے ایک نام ہے پھر بھی کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہ نام ٹھیک نہیں اگر ایسا ہے تو قرآن وسنت کی روشنی میں رہنمائی فرمائیں۔ ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ نام رکھنے میں بظاہر کوئی ممانعت نہیں ہے، لیکن رسول اللہ کے دوناموں کو ملا کر ایک نام رکھنے کی حکمت سمجھ میں نہیں آتی۔ محمد بھی آپ کا نام ہے اور حم بھی آپ کا نام ہے، آپ ان دونوں میں سے کسی ایک کو منتخب کر لیں، یا صرف محمد رکھ لیں، یا صرف حم رکھ لیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد01